# تعارف

اس ماڈیول میں پیداوار، لاگت اور محاصل کے مختلف تصورات کی وضاحت کی گئی ہے تاکہ طلبا کو اس سلسلے میں تصوراتی وضاحت حاصل ہو۔ اس طرح ان تصورات کے اطلاق آسان ہو جاتے ہیں۔ اس ماڈیول کی وضاحت دو ابواب پیداور، لاگت اور محاصل میں کی گئی ہے۔

# فرہنگ اصطلاحات

پیداواری عمل : فرم کے عامل ان پٹ اور آوٹ پٹ کے درمیان تکنیکی رشتہ۔

محنت پر مرکوز ٹکنالوجی یا عمیق محنت ٹکنالوجی: آوٹ پٹ کی فی یونٹ زیادہ محنت اور کم پونجی (اصل) کا استعمال کرنے کے ذریعہ شے کی پیداوار۔

عمیق اصل (پونجی پر مرکوز) ٹکنالوجی : آوٹ پٹ کی فی یونٹ زیادہ پونجی اور کم محنت کا استعمال کر کے شے کی پیداوار۔

پروڈکٹ پر مبنی محنت کی تقسیم : جب ایک واحد شے / خدمت کی پیداوار میں کوئی ورکر مہارت حاصل کرتا ہے۔

عمل پر مبنی محنت کی تقسیم : جب کوئی ورکر شے کی پیداوار میں شامل ایک یا دو عمل میں مہارت حاصل کرتا ہے۔

کل پروڈکٹ (پیداوار) : ایک ان پٹ کے استعمال کی ایک مخصوص سطح پر آوٹ پٹ کی کل مقدار جب کہ سبھی دیگر ان پٹ کا استعمال غیر تبدیل سرہتا ہے۔

اوسط پروڈکٹ (پیداوار) : متغیرہ ان پٹ کی یونٹ، آوٹ پٹ۔

حاشیائی پیداوار : متغیرہ ان پٹ کی ایک زائید یونٹ کے اضافے کے نتیجے میں کل آوٹ پٹ میں تبدیلی۔

ملکی پیداوارا کائیاں : کسی ملک کے باشندوں کی ملکیت میں اس ملک میں واقع پیداوارا کائیاں۔

غیر ملکی پیداوارا کائیاں : ملک میں واقع پیداوری اکائی لیکن اس ملک کے غیر مقامی باشندوں کی ملکیت میں۔

نجی پیداورا کائیاں : نجی افراد کی ملکیت میں پیداوارا کائیاں۔

حکومتی پیداوارا کائیاں : حکومت کی ملکیت میں پیداوارا کائیاں۔

تنہا ملکیت (Sole proprietorship): ایک واحد فرد کی ملکیت میں پیداوارا کائیاں۔

شراکت داری (Partnership) : دو یا دو سے زیادہ ساجھے داروں (شراکت دار) کی ملکیت میں پیداوارا کائیاں۔

کمپنی / کارپوریٹ : وہ پیداوارا کائیاں جن کی ملکیت افراد کی ایک بڑی تعداد کے ہاتھوں میں ہوتی ہے (انھیں شیر ہولڈر کہا جاتا ہے)

کوآپریٹیو سوسائٹی : باہمی مفاد کے لیے متعدد افراد کے زیر انتظام پیداوارا کائیاں۔

نجی غیر منافع بخش تنظیم : منافع کمانے کے کسی مقصد کے بغیر سماج کے ممبروں کی خدمت کے لیے ٹرسٹ / سوسائٹیوں کے ذریعہ چلائی جانے والی نجی پیداوارا کائیاں۔

کثیر قومی کمپنیاں : کمپنیاں جن کا کسی ایک ملک میں خاص آفس ہو لیکن متعدد ملکوں میں اس کی کاروباری سرگرمیاں چل رہی ہوں۔

اشتراکیت (Collaborations) : وہ پیداوارا کائیاں جس میں غیر ملکی اور گھریلو کاروباری مہم جو مشترکہ طور پر شریک ہوتے ہیں۔

- **پیداوار، پیداوار چار عوامل:** زمین، محنت، پونجی اور کاروباری مہم جوئی کی متحدہ کوششوں کا ایک نتیجہ ہے۔ انھیں عامل ان پٹ کہا جاتا ہے۔
- پیداوار کی تعریف ان پٹ کو آوٹ پٹ میں بدلنے کے طور پر کی جاتی ہے۔
- پیداواری عمل فرم کے عامل ان پٹ اور آوٹ پٹ کے تکنیکی رشتہ کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ زیادہ سے زیادہ آوٹ پٹ کی وضاحت میں آتا ہے جو عامل ان پٹ کی دی گئی مقدار کے مختلف مجموعوں کے ذریعہ پیدا کیا جاسکتا ہے۔
- پیدوار میں دوقسم کی ٹکنالوجیوں کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

(i) **عمیق محنت ٹکنالوجی:** اس ٹکنالوجی میں ہم آوٹ پٹ کی فی یونٹ عامل کے طور پر زیادہ محنت اور کم پونجی کا استعمال کرتے ہیں جیسے چھوٹے پیمانے اور گھریلو کاروباری ادارے جو عمیق محنت ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہیں۔

(ii) **عمیق اصل (پونجی) ٹکنالوجی:** اس ٹکنالوجی میں ہم آوٹ پٹ کی محنت ان پٹ فی اکائی زیادہ پونجی اور کم محنت کا استعمال کرتے ہیں۔ مثال: ٹیلی کام کمپنیاں۔

- پیداواری سرگرمی میں محنت کی تقسیم شامل ہے۔ جس کا مطلب کامگاروں کی ان اہلیتوں کے مطابق ان پٹ میں کام کی تقسیم۔ یہ دوقسم کی ہوتی ہے (a) پروڈکٹ پرمبنی (b) عمل پرمبنی۔ یہ محنت کی کارکردگی بڑھاتی ہے
- کل پروڈکٹ، اوسط پروڈکٹ اور حاشیائی پروڈکٹ (TP,AP & MP)

(a) **کل نفع:** یہ سبھی دیگر ان پٹ کے استعمال غیر تبدیل ہوتے ہیں تو ان پٹ کے استعمال کی مخصوص سطح پر شے کے آوٹ پٹ کی کل مقدار کی دلالت کرتا ہے۔

(b) **اوسط منافع:** اس سے مراد متغیرہ ان پٹ کا فی اکائی آوٹ پٹ ہے اور اسے متغیرہ ان پٹ کی اکائیوں کی تعداد کے ذریعہ کل پروڈکٹ (TP) کو تقسیم کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یعنی اوسط پروڈکٹ (کل پروڈکٹ) TP/Q=(AP)۔

یہاں پر Q متغیرہ عامل کی اکائی کی تعداد ہے۔

(c) **حاشیائی منافع:** اس سے مراد بیش ترین ہوسکنے والے عامل کی ایک سے زائد اکائی کے اضافے کے سبب کل پروڈکٹ (TP) میں اضافہ یا کمی ہے۔ ($MP_n=TP_n-TP_{n-1}$)

- **محنت کا گھٹتا حاشیائی پیداوار کا قانون:** یہ وضاحت کرتا ہے کہ متغیرہ عامل (محنت) ہیں مسلسل اضافے کے ساتھ اس کی حاشیائی پیداواری ایک مخصوص نقطے تک ابتدائی طور پر بڑھے گی لیکن اس کے بعد تمام دیگر عوامل کو غیر تبدیل رکھتے ہوئے کم ہوگی۔
- **پیداواری عمل:** اس میں اشیا/خدمات تیار کرتے ہوئے پیداوار کے عوامل کا درست اتحاد اور آخر کار آوٹ پٹ کے فروخت کا بندوبست شامل ہے۔
- **فرم اور صنعتوں کا رول اور اہمیت:** فرم شے کی ایک انفرادی پیداوار اکائی ہے جب کہ صنعت مثالی شے تیار کرنے والی تمام فرموں کا ایک گروپ ہے۔
- **معیشت میں پیداواری اکائی:** ملکیت کی بنیاد پر یہ دوقسم کی ہوتی ہیں ملکی پیداوار اکائیاں اور غیر ملکی پیداوار اکائیاں۔
- ملکی پیداوار اکائیاں ملک میں واقع ہوتی ہیں اور اس ملک کے باشندوں کی ملکیت میں ہوتی ہے انھیں مزید نجی اور حکومتی پیداوار اکائیوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(a) **نجی پیداوار اکائیوں کی اقسام:** تنہا ملکیت، شراکت داری، کارپوریٹ کمپنی/ کوآپریٹیو سوسائٹی، غیر منافع بخش تنظیمیں

(b) **حکومتی پیداوار اکائیاں:** ٹیلی کمیونکیشن، تعلیم، صحت، امن و امان، ڈاک و ٹیلی گراف، ٹرانسپورٹ۔

حکومتی پیداوار اکائیوں پر حکومت کا براہ راست کنٹرول ہوتا ہے۔

## B۔ غیر ملکی پیداوارا کائیاں

یہ پیداوار اکائیاں ملک میں واقع ہوتی ہیں لیکن ان کی ملکیت غیر ملکی باشندوں کے ہاتھوں میں ہوتی ہے۔ یہ دو قسم کی ہوتی ہیں۔

- **کثیر قومی فرمیں / کمپنیاں:** اس کا خاص دفتر کسی ایک ملک میں ہوتا ہے اوراس کی کاروباری سرگرمیاں متعدد ملکوں میں پھیلی ہوتی ہیں۔
- **اشتراک:** غیر ملکی اور گھریلو کاروباری مہم جو جو اشیا اور خدمات کی پیداوار کی مشترکہ ذمہ داری اختیار کرتے ہیں انھیں جوائنٹ وینچرس (JVs) کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔

### خود قدر شناسی کیجیے

1۔ پیداواری عمل کیا ہے؟

2۔ شے کی پیداوار میں استعمال کی جانے والی ٹکنالوجیوں کی دو قسم بتائیے۔

3۔ محنت کی تقسیم سے کیا مراد ہے؟

4۔ کل پروڈکٹ (TP) اوسط پروڈکٹ (AP) اور حاشیائی پروڈکٹ (MP) کی تعریف کیجیے۔

5۔ محنت کے گھٹتے حاشیائی پروڈکٹ کا قانون بیان کیجیے۔

6۔ فرم اور صنعت کے درمیان فرق کیجیے۔

7۔ غیر ملکی پیداوارا کائی اور ملکی پیداوارا کائی کے درمیان فرق کیجیے۔